# 05-07-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میٹرو ریل دوسرے مرحلہ کی توسیع کی منظوری کے علاوہ میٹرو پہلے مرحلہ کو تلنگانہ حکومت حاصل کرنے کے کاموں میں تیزی کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے مرکزی وزراء منوہر لال کھٹر اور کشن ریڈی کو علیحدہ علیحدہ طور پر خط لکھا۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج کی انسانی طرزِ زندگی کے مطابق ہر ایک کو ورزش کو روزمرہ زندگی کا لازمی حصہ بنانے پر زور دیا۔

۳۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ حیدرآباد شہر کے مستحق غریب خاندانوں کو مکانات کی فراہمی حکومت کا اہم مقصد ہے۔

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دنوں کے دوران شمالی تلنگانہ کے اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔اس کیلئے محکمہ موسمیات نے ایلو الرٹ جاری کیا۔

Metro CM

حیدرآباد میٹرو ریل دوسرے مرحلہ کی توسیع کی منظوری کے علاوہ میٹرو پہلے مرحلہ کو تلنگانہ حکومت حاصل کرنے کے کاموں میں تیزی کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی وزراء منوہر لال کھٹر اور کشن ریڈی کو علیحدہ علیحدہ طور پر خط لکھا۔گزشتہ ماہ کی 23اور 24 تاریخ کو مرکزی وزراء کے ساتھ منعقد ہوئے اعلیٰ سطحی اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یاددہانی کروائی۔ وزیراعلیٰ نے اس اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کے مطابق میٹرو کے پہلے مرحلہ کے اثاثہ جات کے قیمتوں کے علاوہ دوسرے مرحلہ کے توسیع کیلئے طویل مدتی معاشی وسائل کی حصول یابی پر جامع تجزیہ کرتے ہوئے مرکزی حکومت کی نوڈل ایجنسی ایس بی آئی کیپس کو مقرر

کرنے کیلئے مشترکہ طور پر دی گئی منظوری سے بھی واقف کروایا جبکہ اس معاملہ میں مرکزی وزارتِ ہاؤزنگ وشہری ترقی کی جانب سے اب تک ٹرمس آف ریفرنس کوقطعیت نہ دیئے جانے اورایس پی آئی کیپس کوسرکاری طور پر ذمہ داری تفویض کرنے میں ہونے والی تاخیر پر وزیراعلیٰ نے تشویش کااظہار کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس تاخیر کی وجہ سے میٹرو کے پہلے مرحلہ میں مسائل پائے جارہے ہیں جبکہ دوسرے فیس کے ڈی پی آر کی منظوری اور فنڈس کے حصول یابی کے طریقہ کار میں تاخیر ہورہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے دونوں مرکزی وزراءکواس معاملہ میں شخصی مداخلت کرتے ہوئے ایس پی آئی کیپس کی نامزدگی کوفوری مکمل کرنے کا مطالبہ کیا۔

Desk

central minister kishan reddy

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے آج ناپلی اسمبلی حلقہ کے مختلف علاقہ جات کا دورہ کیا۔اس موقع پرکشن ریڈی نے مقامی عوام سے بات کی ۔عوام نے ان کودرپیش مسائل سے کشن ریڈی کوواقف کروایا۔ اس موقع پرکشن ریڈی نےعوامی مسائل کوحل کرنے عہدیداروں کوہدایت دی۔اپنے اس دورہ کے موقع پرانہوں نے پہلے مہدی پٹنم ڈویژن کے ایودھیانگربستی کا دورہ کیا۔ وہاں پر نئے قائم کیئے گئے اوپن جم کا افتتاح کیا۔ بعدازاں ملے پلی ڈویژن کے حدود سیتارام باغ بستی کے رام لیلہ گراؤنڈ میں قائم کیئے گئے ایک اوراوپن جم کوعوام کیلئے دستیاب کیا۔اس کے علاوہ آصف نگرڈویژن کے اندرانگربستی کا دورہ کرتے ہوئے مقامی عوام سے بات کی۔اس موقع پرکشن ریڈی نے انسانی طرزِ زندگی سے مطابق وزیراعظم نریندرمودی کی جانب سے دی گئی اپیل فٹ انڈیاکےنعرے کے تحت ہرایک کوورزش کوروزمرہ زندگی کالازمی حصہ بنانے پرزوردیا۔

Desk

Poonam Double Bedroom Houses

حیدرآباد شہر کے مستحق غریب خاندانوں کے لئے مزید ایک لاکھ نئے مکانات تعمیر کرنے کے لئے ریاستی حکومت نے عملی منصوبہ تیار کرلیا ہے۔ ضلع کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد ایسے علاقوں میں مکانات تعمیر کرنا ہے جہاں غریب عوام کو روزگار کے مواقع آسانی سے میسر ہوں اور اس سلسلہ میں مناسب اراضی کی بھی پہلے ہی نشاندہی کرلی گئی ہے۔ حیدرآباد ضلع کلکٹریٹ میں نامپلی اور چندرائن گٹہ اسمبلی حلقوں سے تعلق رکھنے والے 361 مستحقین میں ڈبل بیڈروم مکانات کے الاٹمنٹ لیٹرس، وزیر محمد اظہرالدین کے ہمراہ تقسیم کئے گئے۔ وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ ضلع میں کئی برسوں سے زیر التوا ڈبل بیڈروم ہاؤسنگ پروجیکٹس سے متعلق الاٹمنٹ لیٹرس کامیابی کے ساتھ اہل مستحقین کو فراہم کئے گئے ہیں۔ اس تقریب میں ایم ایل سی اڈنکی دیاکر، قائد مجلس اکبرالدین اویسی اور رکن اسمبلی ماجد حسین، ضلع کلکٹر پرینکا آلا سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ Sound Byte

Desk

Minister Vakiti Srihari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے کہا ہے کہ موجودہ عوامی حکومت غریب، پسماندہ اور کمزور طبقات کی فلاح و بہبود کو اپنا بنیادی مقصد بناتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی پروگراموں کو موثر انداز میں نافذ کررہی ہے۔ رنگاریڈی ضلع کے شادنگر اسمبلی حلقہ کے فروق نگر منڈل کے انارم گاؤں میں نو تعمیر شدہ اندراماں مکانات کا افتتاح انہوں نے مقامی رکنِ اسمبلی ویرلاپلی شنکر کے ہمراہ کیا۔ اس موقع پر وزیر نے کہا کہ حکومت نے اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کو ایک عظیم مشن کے طور پر شروع کیا ہے اور ہر مستحق غریب خاندان کو مکان فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت مفت بس سفر،

باریک چاول کی تقسیم اورخواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کو بلا سود قرضوں سمیت متعدد فلاحی اسکیمیں کامیابی سے نافذ کررہی ہے۔

Desk

Pushkaralu – Minister Adluri

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے کہا ہے کہ آئندہ گوداوری پشکرالو کے پیش نظر عقیدت مندوں کو کسی بھی قسم کی دشواری پیش نہ آئے اس کے لئے حکومت سڑکوں، پشکرالو کے گھاٹوں اور قیام کی سہولتوں کی ترقی کے لئے خصوصی اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے آج جگتیال ضلع کے ویلگٹور منڈل میں واقع کوٹی لنگیشورسوامی مندر میں خصوصی پوجا کی۔اس کے بعد گوداوری پشکرالو کے سلسلہ میں کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ Sound Byte

Jagtial District PTC

Bhadradri Kothagudem - District Collector

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے کلکٹر انکیت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کسانوں کو یوریا کی شفاف اور موثر فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ریاستی حکومت نے یوریا بکنگ ایپ میں متعدد تبدیلیاں کی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ دو ایکر تک زمین رکھنے والے کسان ایک ہی مرحلہ میں یوریا بک کرسکیں گے جبکہ دو سے پانچ ایکر تک کاشت کرنے والے کسان دو مرحلوں میں بکنگ کرسکتے ہیں۔اسی طرح پانچ ایکر سے زائد اراضی رکھنے والے کسان 30-30-40 فیصد کے تناسب سے تین مرحلوں میں یوریا کی بکنگ کرسکیں گے۔

PTC - Bhadradri Kothagudem

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے آج مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کی صدارت میں منعقدہ اعلیٰ سطحی ویڈیو کانفرنس میں شرکت کی۔ مرکزی فنڈس کی اجرائی اور مختلف ترقیاتی پروگراموں کے نفاذ کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اس اجلاس میں وزیر سیتا کا نے تلنگانہ سے متعلق کئی اہم امور اٹھائے۔ انہوں نے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ضمانت اسکیم کے تحت تلنگانہ کو مرکزی حکومت کی جانب سے واجب الادا بقایہ فنڈس فوری طور پر جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔

Alka Lamba

آل انڈیا مہیلا کانگریس کی قومی صدر الکا لامبا نے مطالبہ کیا ہے کہ خواتین کے ریزرویشن بل میں او بی سی طبقات کو بھی مناسب نمائندگی دی جائے اور 33 فیصد خواتین ریزرویشن کو فوری طور پر نافذ کیا جائے۔ حیدرآباد کے گاندھی بھون میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 25 جولائی کو نئی دہلی میں ایک بڑا دھرنا منعقد کیا جائے گا جبکہ 20 جولائی سے اگست تک ملک بھر میں احتجاجی پروگرام اور عوامی تحریک چلائی جائے گی۔

Desk

Nagar Kurnool – MLA Rajesh Reddy:

ناگر کرنول کے رکن اسمبلی ڈاکٹر راجیش ریڈی نے کہا ہے کہ غریب عوام کی فلاح و بہبود ہی ریاستی حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔ انہوں نے ناگر کرنول منڈل کے توڑ وکورتی گاؤں میں تقریباً 140 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جا رہے ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ ریزیڈینشل اسکول کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومتی فلاحی اسکیموں کے نفاذ میں سیاست کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور تمام مستحقین کو بلا امتیاز فوائد فراہم کئے جا رہے ہیں۔

PTC, Nagar Kurnool

Nagar Kurnool – Minister Jupally Krishna Rao:

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ ہر مستحق غریب خاندان کو اندراماں مکان فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے ناگرکرنول ضلع کے کولا پور کے نویں وارڈ میں منعقدہ اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے تحت مکان میں داخل ہونے کی تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر وزیر نے کہا کہ غریبوں کے اپنے گھر کے خواب کو حقیقت میں بدلنا ریاستی حکومت کا عزم ہے اور اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے ذریعہ ہزاروں خاندانوں کو مستقل رہائشی تحفظ فراہم کیا جارہا ہے۔

PTC, Nagar Kurnool

Bhadradri Kothagudem

بھدرادری کوتہ گوڑم کے ضلع اگریکلچر آفیسر بابوراؤ نے کسانوں سے کہا کہ وہ دھان کی زیادہ کاشت کیلئے صحتمند نارکی تیاری پر خصوصی توجہ دیں۔انہوں نے کہا کہ بیجوں کو 24 گھنٹے پہلے پانی میں ڈال کر بعدازاں 36 گھنٹوں تک اس کو باندھ کر پودہ آنے کے بعد ہر سینٹ کو پانچ کلو کے حساب سے مساوی طور پر اس کو پھینک دیں۔

PTC - Bhadradri Kothagudem

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دنوں کے دوران عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل، پداپلی، بھوپالاپلی کے اضلاع میں بعض مقامات پر گرج وچمک کے ساتھ فی گھنٹہ 50 تا60 کلومیٹر کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے اور بارش کا امکان ہے۔اس ضمن میں محکمہ موسمیات نے ایلوالرٹ جاری کیا ہے جبکہ دیگر علاقوں میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کی پیش قیاسی کی ہے۔

Desk

Medak MP - Raghunandan

میدک کے رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ نے میدک ضلع کے نرساپور گورنمنٹ ایریا ہاسپٹل میں مفت کینسر کے جانچ کے کیمپ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے دیہی علاقوں کے خواتین کو کینسر کی جانچ کروانے پر زور دیا۔رگھونندراؤ نے کہا کہ پہلے ہی جانچ کروانے پر کینسر کی روک تھام کی جاسکتی ہے۔

PTC Medak

❍❍